© rasailojaraid.com


پیروکار احادیث کو قانونی حیثیت دینے کے لئے تیار نہیں۔

مدیر "پیام ملت" نے حدیث کی حفاظت اور اطاعت رسول از روئے قرآن پر روشنی ڈالی ہے۔ اور منکرین حدیث کے پھیلائے ہوئے شبہات کی عقلی اور تاریخی طور پر غلطی واضح کی ہے۔

**انوار السنن (مترجم)** مؤلف: قاضی شمس الدین علوی ناشر: دار العلوم عبیدیہ بلاک ۳۔ ڈیرہ غازی خان۔ کتابت طباعت: گوارا۔ کاغذ سفید۔ سرورق معمولی۔ قیمت ۵/۔ روپے۔

علامہ ابن حجر عسقلانی شافعی (م ۸۵۲ھ) نے احکام سے متعلق مجموعہ احادیث "بلوغ المرام" مرتب کیا۔ مؤلف موصوف نے زیر نظر کتاب "بلوغ المرام" کے انداز پہ حنفی نقطۂ نظر سے مرتب کی ہے۔ احادیث کے انتخاب کا دائرہ نہایت وسیع ہے۔ ایمان سے لیکر عائلی زندگی کے مسائل تک کو احاطہ کیا گیا ہے۔ مسائل متفرقہ میں متنوع پہلو پیش پیش کئے گئے ہیں۔

مؤلف نے افادۂ عام کی خاطر اصل عربی متن کے ساتھ اردو ترجمہ بھی پیش کیا ہے۔ ترجمہ سے کتاب کی قدر و قیمت دوچند ہو گئی ہے۔ ترجمہ مربوط نہیں ہے اور مزید اصلاح کا محتاج۔ مرتب نے جا بجا فوائد بھی لکھے ہیں۔ مگر ان فوائد میں تحزب اور گروہ بندی کے جراثیم موجود ہیں۔ "اختلاف امتی رحمۃ" کے مصداق عالمانہ اور سنجیدہ اختلاف موزوں اور مناسب ہے۔ مگر تحزب اور گروہیت درست نہیں۔ اس خامی کے قطع نظر مؤلف نے ترتیب احادیث میں سلیقہ سے کام لیا ہے۔ اور ان کی یہ کوشش قابل قدر ہے۔

**بستان العارفین (اردو)** تالیف: امام ابو زکریا محی الدین نووی۔ مترجم: حامد الرحمن صدیقی کاندھلوی۔ طباعت عمدہ۔ مجلد۔ سرورق خوبصورت۔ قیمت: چار روپے پچاس پیسے۔

محی الدین ابو زکریا یحییٰ بن شرف الدین نووی (م ۶۷۶ھ) "شرح صحیح مسلم" "ریاض الصالحین" اور "اربعین نووی" جیسی معروف اور متداول کتب حدیث کے مؤلف ہیں۔ ان کی شہرت چار دانگ عالم میں پھیلی ہوئی ہے۔ زیر نظر تالیف "بستان العارفین" بھی ان سے یادگار ہے۔ کتاب چار ابواب میں منقسم ہے۔ پہلے باب میں نیت، اعمال کی اہمیت، اخلاص و صدق کی حقیقت اور علم نافع کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ دوسرا باب علم نافع سے متعلق آئمہ کرام کے قیمتی اقوال سے مزین ہے۔ تیسرا باب اولیاء کے اوصاف اور ان کی کرامات کے لئے وقف ہے۔ آخری باب میں دلچسپ حکایات درج ہیں۔ مختصر یہ کہ امام نووی نے کتاب میں تصوف، اخلاق اور اعمال کے بارے میں عمدہ اور دلچسپ لطائف و اقوال اور مشائخ کرام کے مناقب و واقعات لکھے ہیں۔ مترجم

© rasailojaraid.com